
NYC Department of Education



# مڈل اسکول
# داخلوں میں خوش آمدید

# 2019-2020

## دفتر برائے طالبانہ اندراج




T&I-30063 (Urdu))

# آپ کس طرح درخواست دیں؟

- اکتوبر کے اوائل میں
  - MySchools* میں اپنے بچے کی انفرادی مڈل اسکول درخواست تک رسائی حاصل کریں
    - * **MySchools** ایک آن لائن ڈائریکٹری اور آپ کے بچے کی انفرادی درخواست دونوں ہے۔ اس میں ہر ایک مڈل اسکول بطور انتخابات شامل ہوگا جس میں آپکا بچہ شرکت کرنے کا اہل ہے.
- 2 دسمبر تک
  - درخواست میں 12 تک پروگرامز شامل کریں اور ان کو اپنی حقیقی ترجیح کی ترتیب میں درج کریں
- مارچ
  - 1 پیشکش

# آپ کس طرح درخواست دیں؟ (جاری)

- والدین/ سرپرست اپنے ذاتی ای میل پتوں کے ساتھ ایک اکاونٹ تخلیق کرتے ہیں۔
- اپنے اکاونٹ میں ایک بچے شامل کرنے کے لیے انہیں درکار ہوگا:
  - طالبِ علم کا (OSIS) آئی ڈی
  - اکاونٹ تخلیق کوڈ (خطوط بذریعہ ڈاک گھر بھیج دیے گئے ہیں؛ موجودہ اسکول میں بھی حاصل کیا جاسکتا ہے)




**عربی، بنگالی، چینی، فرانسیسی، ہیشئن کریول، کوریائی، روسی، ہسپانوی، اور اردو میں درخواست کے لیے مدد دستیاب ہے۔**

# اپنے بچے کی درخواست تک رسائی کریں اور جائزہ لیں

جب آپ درخواست تک رسائی کریں، **اپنے بچے کے متعلق تمام معلومات کا جائزہ لینا یقینی بنائیں:**

- ✓ یہ یقینی بنائیں که تمام معلومات بشمول آپ کے بچے کا پته درست ہیں۔
- ✓ یقینی بنائیں که آپ کے بچے کا تعلیمی ریکارڈ درست ہے۔

## مدد چاہیے؟

- اپنے اسکول مشیر سے گفتگو کریں
- ایک خاندانی استقبالیه مرکز میں جائیں
- ہم سے **718-935-2009** پر رابطه کریں۔

**اگر آپ کو اپنی درخواست میں ایسی کوئی چیز نظر آتی ہے جو درست نہیں ہے، جتنی جلد ہوسکے اپنے بچے کے موجودہ ایلیمنٹری اسکول سے رابطه کریں۔**

# میں کن اسکولوں میں درخواست دے سکتا ہوں؟

جب آپ MySchools میں لاگ ان کریں گے، آپ کو منتخب کرنے کے لیے اسکولوں کی ایک انفرادی فہرست ملے گی۔ تمام DOE پبلک اسکولز جن میں آپ کا بچہ درخواست دے سکتا ہے شامل ہونگے:

- **اپ کا زون اسکول**
  - یہ جاننے کے لیے کہ آپ کا ایک زون مڈل اسکول ہے schools.nyc.gov/Find-a-School پر جائیں
- **ضلع اسکول**
  - جو بچے ایک ضلع میں رہتے ہیں اور ایک اور ضلع میں اسکول جاتے ہیں تو وہ دونوں اضلاع کے ضلع اسکولوں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔
- **برو پیما اسکول**
- **شہر پیما اسکول**

*چارٹر اسکولوں کا داخلوں کا ایک مختلف طریق کار ہوتا ہے اور وہ مڈل اسکول درخواست کا حصہ نہیں ہیں۔*

# اپنے بچے کی درخواست کے لیے اسکول منتخب کریں

MySchools میں اپنے مڈل اسکول انتخابات تلاش کریں اور اپنی درخواست میں پروگرام درج کریں۔

**آپ یہ کیسے انتخاب کریں کہ کہاں درخواست دیں؟** ذیل پر دھیان دیں:

- آپ کا بچہ ہر روز گھر سے اسکول کیسے جائے گا؟ اسکول کا دورہ کرنا یہ جاننے کا اچھا طریقہ ہے کہ یہ سفر کیسا ہوگا اور کتنا طویل ہوگا۔
- اسکول کو کیا چیز خاص بناتی ہے؟ کیا کوئی ایسی خاص تعلیمی کورسز، کلبز، سرگرمیاں، یا کھیل ہیں جو آپ اور آپ کے بچے کو دلچسپ لگتے ہوں؟
- اس اسکول میں کتنے طلبا جاتے ہیں؟

# طلبا مڈل اسکول پیشکشیں کس طرح موصول کرتے ہیں؟

- **آپ کی درخواست میں انتخابات**
  - وہ پروگرام جو آپ نے اپنے بچے کی درخواست میں شامل کیے ہیں **اور** وہ جس ترتیب میں رکھے گئے ہیں
- **داخلہ ترجیحات**
  - جس ترتیب میں درخواست دہندگان کے گروپس کو زیر غور لایا جاتا ہے
- **داخلے کے طریقِ کار**
  - طلبا کو نشستوں سے کس طرح میچ کیا جاتا ہے
- **نشست کی دستیابی**
  - درخواست دہندگان کے لیے دستیاب نشستوں کی تعداد



# اپنے بچے کی درخواست مکمل کریں

- اپنے بچے کی درخواست میں 12 تک پروگرام انتخابات درج کریں۔ اگر ایک اسکول کے متعدد پروگرام ہیں، آپ اس اسکول کے ایک پروگرام یا ایک سے زائد پروگراموں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔
- انہیں اپنی صحیح ترجیحی ترتیب میں درج کرنا یقینی بنائیں، اپنے پسندیدہ پروگرام کو بطور 1# کے ساتھ۔
- اہل خانہ کی درخواستیں داخلے کے طریق کار کو رواں بناتی ہیں۔ آپ جو سب سے اہم کام کر سکتے ہیں وہ یہ ہے کہ آپ جن پروگراموں میں اپنے بچے کو شرکت کروانے میں سب سے زیاہد دلچسپی رکھتے ہیں ان پروگراموں کے ساتھ ایک پوری طرح مکمل کردہ درخواست جمع کروائیں۔
- درخواست **2 دسمبر، 2019** تک جمع کروادیں۔


# اپنے بچے کی درخواست مکمل کریں

- **تجویز |** اپنے پسندیدہ پروگراموں کو درج کرنے کے بعد، اپنی درخواست میں مزید انتخابات درج کرنے پر غور کریں۔
- **تجویز |** ان پروگراموں کو اپنے زون یا جاری اسکول سے اونچے درجے پر درج کریں جن کو آپ اپنے زون یا جاری اسکول پر ترجیح دیں گے۔
- یاد رکھیں اگر آپ کو اپنی درخواست میں درجہ بند پروگرام سے پیشکش نہیں ملتی ہے تو آپ کو آپ کے ضلع میں دستیاب پروگرام سے میچ کیا جائے گا۔

# داخلوں کی ترجیحات

کچھ اسکولوں میں، طلبا کو گروپس میں زیر غور لایا جاتا ہے۔ ترجیح کے پہلے گروپ کے طلبا پہلے زیر غور لایا جائے گا۔ اگر نشستیں دستیاب ہیں تو اس کے بعد دوسرے ترجیحاتی گروپ کے طلبا کو زیر غور لایا جائے گا، اور اسی طرح۔




## داخلہ ترجیحات

1. ضلع کے طلبا اور مکینوں کو ترجیح
2. اس کے بعد برونکس کے طلبا اور مکینوں کو

اس کا مطلب ہے کہ وہ **تمام طلبا جو ضلع میں رہتے ہیں یا اسکول جاتے ہیں** جو اپنی درخواست پر یہ پروگرام درج کرتے ہیں انہیں **برونکس کے دیگر طلبا** سے پہلے زیرِغور لایا جائے گا جو اس پروگرام کو اپنی درخواست میں درج کریں گے۔

# داخلے کے طریقِ کار

داخلے کا طریقِ کار ایک طریقہ ہے جس کے ذریعے پروگرام درخواست دہندگان کو دستیاب نشستوں کے لیے زیرِ غور لاتا ہے۔ داخلے کے یہ طریقِ کار کوئی تعلیمی معلومات **نہیں** دیکھتے ہیں:

- **زون**
  - پتے پر مبنی
- **کھلا**
  - بلا ترتیب انتخاب
- **محدود بغیر چھان بین**
  - بلا ترتیب انتخاب، لیکن طلبا ایک اسکول کی سرگرمی میں سائن ان کر کے ترجیح کے اونچے گروپ میں جا سکتے ہیں۔

**تجویز** | اگر آپ ایک "محدود بغیر چھان بین" پروگرام میں درخواست دے رہے ہیں تو اس کا دورہ کریں اور سائن ان کریں!

# داخلے کے طریقِ کار (جاری)

داخلے کا طریقِ کار ایک طریقه ہے جس کے ذریعے پروگرام  درخواست دہندگان کو دستیاب زیرِ غور لاتا اور میچ کرتا ہے۔ داخلے کے یہ طریقِ کار تعلیمی معلومات **دیکھتے** ہیں:

- **چھان بین**
  - اسکول طلبا کی درجہ بندی چوتھے گریڈ کی حاضری، ریاستی امتحانات اور گریڈز کی بنیاد پر کرتے ہیں۔ اضافی مطلوبات ہو سکتی ہیں
- **لسانی چھان بین**
  - طلبا کی گھریلو زبان، انگریزی زبان کی صلاحیتوں اور/ یا ملک میں رہائش کے سالوں کی بنیاد پر۔
- **مرکب اسکور**
  - طلبا کو چوتھے گریڈ کے رپورٹ کارڈز، ریاستی امتحانات، حاضری اور طرز عمل سے حساب لگائے گئے اسکور کی بنیاد پر داخل کیا جاتا ہے

ان پروگراموں کے لیے طلبا کو کس طرح منتخب کیا جاتا ہے اس کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے براہِ کرم مڈل اسکول سے براہِ راست رابطہ کریں۔

# پیشکشیں اور منتظرین کی فہرست

- تمام طلبا مارچ میں ایک واحد اسکول کی پیشکش موصول کرتے ہیں۔
- اس سال سے آغاز کرتے ہوئے، جو اہل خانہ مارچ میں موصول ہونے والی اپنی پیشکش کے علاوہ ایک مختلف پیشکش کو حاصل کرنا چاہتے ہیں تو یہ منتظرین کی فہرست کو استعمال کرنے کے قابل ہوں گے۔
- طلبا کو خود کار طور پر اس پروگرام (پروگراموں) کی منتظرین کی فہرست شامل کر دیا جاتا ہے جن کی درجہ بندی انہوں نے اپنی موصول کردہ پیشکش سے اونچی کی تھی۔
- خاندان MYSchools میں اپنے آپ کو منتظرین کی فہرست میں شامل کر سکتے ہیں۔
- **اہل خانہ جو سب سے اہم کام کر سکتے ہیں وہ یہ ہے کہ یہ مڈل اسکول کی ایک معیاری درخواست مکمل کریں۔**
- مارچ میں پیشکش کے خط کے ساتھ منتظرین کی فہرست کی معلومات کو بھیجا جائے گا۔

# اہم تواریخ

| | |
|---|---|
| خزاں | **اوپن ہاوسز اور مڈل اسکول میلوں میں شرکت کریں**<br>دورہ کس وقت کیا جائے یہ جاننے کے لیے اسکولوں سے براہ راست رابطہ کریں۔ |
| اکتوبر کے اوائل | **MySchools میں مڈل اسکول درخواست تک رسائی حاصل کریں** |
| 2 دسمبر | **2 دسمبر، 2019 تک مڈل اسکول میں درخواست دیں** |
| مارچ | **اپنے بچے کی مڈل اسکول پیشکش موصول کریں** |

# وسائل

## مزید جانیں

- NYC 2019 مڈل اسکول ڈائریکٹری
  **myschools.nyc|**
- مڈل اسکول داخلے ای میل خبرنامہ
  **schools.nyc.gov/Connect|**
- آپ کا زون اسکول
  **schools.nyc.gov/Find-a-School|**

## اپنی درخواست کے سلسلے میں مدد حاصل کریں

- آپ کا اسکول مشیر
- ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں جائیں
  **schools.nyc.gov/WelcomeCenters|**
- دفتر برائے طالبانہ اندراج
  **718-935-2009 |**